© rasailojaraid.com

ڈاکٹر مفتی عبدالواحد صاحب نے مشہور منکر حدیث ڈاکٹر قمر الزماں کے دو رسائل (۱) سرچشمہ ہدایت صرف القرآن (۲) حقیقت حدیث۔ میں حجیت حدیث پر کیئے گئے۔ اعتراضات کا علمی محاسبہ کیا ہے۔ علم حدیث سے محروم مسلمانوں کے لئے اس پمفلٹ کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔ یہ پمفلٹ درج بالا پتہ سے دو روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## "انوار العلماء"

مؤلف: مولانا محمد عظیم صاحب گمٹالوی　　مرتبین: قاری جمیل الرحمن اختر، قاری محمود الحسن گمٹالوی

ضخامت: ۲۷ صفحات..... اشاعت اکتوبر ۱۹۹۵　　قیمت: ۳۰ روپے

ملنے کا پتہ: جامعہ حنفیہ قادریہ ۲۸۵ جی ٹی روڈ، باغبانپورہ، لاہور

حضرت علی ہجویری رحمہ اللہ نے لکھا ہے "علماء امت کا ہراول دستہ ہیں۔ اگر ہراول دستہ ہی شکست کھا جائے تو امت کا کیا حال ہوگا"

صاحب علم و عزیمت علماء نے ہی دین کی دعوت میں اپنی زندگیاں کھپا دیں۔ اب قیامت تک علماء حق ہی امت کو دین کی دعوت دیتے رہیں گے اور ہدایت کا ذریعہ بنتے رہیں گے۔ ان کی گفتگو اور علم سے لوگ سیراب ہوتے رہیں گے۔ زیر تبصرہ کتاب "انوار العلماء" میں جن علماء کے احوال و آثار مختصراً درج کیے گئے ہیں ان میں مولانا نور احمد امرتسری، مفتی محمد حسن امرتسری، مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا خیر محمد جالندھری، مولانا عبدالشکور (دیوبند) مفتی محمد شفیع، قاری محمد طیب رحمھم اللہ کے اسماء شامل ہیں۔

مولانا محمد عظیم صاحب گمٹالوی خیر المدارس ملتان کے فاضل ہیں اور ایک علمی خاندان کے فرد فرید۔ انہوں نے ان بزرگوں کے علمی اور صبر و عزیمت سے بھرپور واقعات کو نہایت خوبصورتی سے جمع کیا ہے۔ جن کا مطالعہ یقیناً نفع سے خالی نہیں۔ کمپیوٹر کتابت، سہ رنگا ٹائٹل کارڈ کور اور طباعت معیاری ہے۔

## دعا صحت

ابن امیر شریعت حضرت سید عطاء المحسن بخاری اور انکی اہلیہ علیل ہیں۔

لاہور سے ہمارے کرم فرما محترم احمد علی صاحب کی والدہ ماجدہ اور بھائی محمد یوسف صاحب کی ہمشیرہ شدید علیل ہیں۔

مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے انتہائی مخلص کارکن محترم صوفی محمد سلیم صاحب ان دنوں شدید علیل ہیں۔

اراکین ادارہ ان کی صحت یابی کے لئے دعاء گو ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ تمام مریضوں کی شفاء یابی کے لئے دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com